RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ رمضان المبارک ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۱۸ مارچ ۱۸۹۵ عیسوی | جلد

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
	حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر	
۱	قائم مقامی پنڈت کیشو ناتھ بجائے بابو بانکے بہاری لال پاٹھک	۱ و ۲
	حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۲	دربارہ توقف تیاری کاغذات انہار۔	۲
۳ و ۴	نقشہ حیات وممات و نقشہ نرخنامہ اجناس۔	ضمیمہ

بحکم اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

مرقومہ ۹ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

صاحب ریزیڈنٹ بہادر پولیٹیکل افسر نے بابو بانکے بہاری لال پاٹھک ہیڈ کلرک کی رخصت سوائے ابتدا سے ۵ مارچ سنہ ۹۵ء دو ماہ کے نصف تنخواہ پر منظور کی ہے اونکی جگہ پر پنڈت کیشو ناتھ کو قائم مقام ہیڈ کلرک نصف تنخواہ ہیڈ کلرکی پر مقرر کیا ہے تحریر انگریزی صاحب بہادر موصوف بغرض اجراے احکام موصول ہوی لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ حسب تصریح صدر جاری ہوں اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

بحوالہ تجویز سے اتفاق کلی ہے صاحب چیف مجسٹریٹ نہر موافق احکام جاری کریں اور روبکار ہذا بغرض اشاعت عام و تعمیل گزٹ میں چھاپا جاوے۔ ۱۸ دسمبر ۱۸۹۴ عیسوی

روبکار اجلاس منشی محمد نعیم اللہ صاحب بہادر مجسٹریٹ نہہا آ... واقع ۱۴ دسمبر ۱۸۹۴ عیسوی

آج یہ کاغذ پیش ہوا واقعی اس سال بوجہ بیماری وغیرہ تیاری کاغذات آبیانہ میں بہت توقف ہوا۔ اکثر اضلاع علاقہ انگریزی میں بھی یہ طریقہ ہے کہ جیسے جیسے گانوں کی جمعبندی تیار ہوتی جاتی ہے وہ غرض وصولی کیواسطے محکمہ مال کو روانہ ہو جاتا ہے ریاست ہذا میں یہ دستور ہے کہ جب کل تحصیل کے کاغذات تیار ہو جاتے ہیں تو ایک ساتھ آتے ہیں اسمیں بہت توقف ہوتا ہے اول تو کاغذات کی تیاری دوم سررشتہ آڈٹ میں بھی اسقدر کاغذات کی جانچ کو عرصہ چاہیے۔ اسوجہ سے تحصیل میں بھی کاغذات بدیر پہونچتے ہیں۔ ہمارے نزدیک رای تحصیلدار صاحب سے یہ کہ امین نہر بوقت تقسیم پرچہ جمعبندی کی نقل پٹواری کو بھی کرادیا کرے۔ پٹواری کا کام نقل کرنا اور امین نہر کا یہ فرض ہوگا کہ وہ جمعبندی بغرض نقل بر کاغذ طبع شدہ کے پٹواری کو دیدے دوم یہ امر بھی نامناسب ہے کہ کل تحصیل کے کاغذات ایکساتھ بھیجے جاویں۔ علاقہ دار نہر جو گانوں تیار ہوتے رہیں اسکو فوراً بھیجتے رہیں وہ بھی گانو بعد جانچ سررشتہ آڈٹ محکمہ مال کو بغرض وصولی بھیجدیا جاویگا۔ محکمہ انہار میں الگ رجسٹر تحصیلوار بنایا جاوے جسمیں ہر جمعبندی درج ہو۔ الاول تعداد روپیہ پنسل سے درج ہو اور بعد جانچ آڈٹ سیاہی کیجاوے۔ جب ایک تحصیل ختم ہو جاوے جو کاغذ سب کے آخر میں علاقہ دار روانہ کریں اسکے ساتھ اوس تحصیل کا گوشوارہ کل بھیجدیں جس سے معلوم ہو کہ فلاں تحصیل میں فلاں نہر سے کسقدر روپیہ قابل وصول بابت نذر آبیانہ ہے محکمہ آڈٹ کی جانچ سے اوس گوشوارہ کا مقابلہ محکمہ انہار میں ہو جاویگا اور بعد جانچ یہ گوشوارہ محکمہ مال میں بعد درستی نقل روانہ کردیا جاویگا۔ اس صورت میں یہ دقت جو توقف سے کاغذات پہونچنے کی ہے رفع ہو جاویگی اور ہر محکمہ کو باسانی کام کرنے کا موقع ملے گا۔

لہذا حکم ہوا کہ

تجویز ہذا بغرض منظوری باجلاس خان بہادر صاحب ریونیو ممبر بہادر پیش ہوئے اگر صاحب خان بہادر کو اتفاق ہو تو اجرای احکام کیواسطے اصل واپس فرماویں۔ اور تحصیلداران و پٹواریان و سررشتہ آڈٹ کو صاحب بہادر ممدوح اپنے اجلاس سے اطلاع فرماویں تحریر ...

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۱۱ لغایت ۱۷ مارچ ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد		تفصیل پیدائش: عورت		تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب		تفصیل فوتے: ایک سال سے ۵ سال تک		تفصیل فوتے: ۵ سال سے ۱۲ سال تک		تفصیل فوتے: ۱۲ سال سے زیادہ		تفصیل فوتے: میزان		تفصیل فوتے: تفصیل مذہب		تفصیل امراض					کیفیت
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۲	۱۵	۲	۱۰	۳۱	۶	۲۵	۳	۳	۲	۰	۸	۳	۱۳	۶	۵	۱۴	۰	۰	۰	۱۹	۱۹	۰
ملک	۰	۶	۱	۶	۱۳	۱	۱۲	۱	۵	۲	۱	۹	۷	۱۲	۱۳	۱	۲۴	۱	۰	۰	۲۴	۲۵	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
میزان	۲	۲۱	۵	۱۶	۴۴	۷	۳۷	۴	۸	۳	۱	۱۷	۱۰	۲۵	۹	۶	۳۸	۱	۰	۰	۴۳	۴۴	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۱ لغایت ۱۷ مارچ ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳½ار	۱۳ار	۱۳ار	۱۳½ار	۱۴ار	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۱۸ار	۱۹ار	۱۸ار	۱۸ار	۱۹ار	
نخود گندم آمیز	۰	۱۹ار	۲۰ار	۲۰ار	۱۹ار	۰	
[illegible]	۰	۰	۲۱ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۹ار	۱۰ار	۸ار	۹ار	۹ار	
مونگ	۰	۱۲ار	۱۱ار	۰	۰	۹ار	
مکا	۰	۰	۱۷ار	۱۶ار	۱۶½ار	۱۸ار	
جئی	۰	۰	۲۵ار	۰	۲۰ار	۲۵ار	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۱۷ار	۱۸ار	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۱۶ار	
ارہر	۰	۰	۱۵ار	۰	۰	۱۸ار	
برنج	۰	۱۰ار	۱۱ار	۱۰ار	۱۱ار	۱۱ار	
روغن زرد	۰	۱ار	۱ر۲ار	۱ر۲ار	۱ر۲ار	۱ر۲ار	
روغن سیاہ	۰	۲½ار	۲ار	۲ار	۳ار	۳ار	
روغن کنجد	۰	۲ار	۲ار	۰	۰	۲ار	
نمک سانبھر	۰	۸ار	۹ار	۸ار	۸ار	۸ار	
نمک لاہوری	۰	۷ار	۶ار	۰	۰	۷ار	
قند سیاہ	۰	۹ار	۱۰ار	۰	۱۰ار	۰	